ZARAI TARAQIATI BANK LTD.

Public Relations & Media Services Deptt.

Ph: 051 - 9253081, 9252681, E.mail: ztblpr @ztbl.com.pk

پریس ریلیز

اسلام آباد: 30 اگست، 2019" زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) نے وزیراعظم کی ہدایات کے مطابق اظہارِ یکجہتی کشمیر کے سلسلے میں 30 اگست 2019 کو دن 12:00 تا 12:30 تلک ایک تقریب منعقد کی۔ جس میں بینک کے صدر شیخ امان اللہ سمیت تمام ملازمین نے بھرپور شرکت کی۔

اس موقع پر تلاوت کلام پاک کے بعد پاکستان اور آزاد کشمیر کے قومی ترانے سنے گئے اور وزیراعظم عمران خان کے تقریر وزیر اعظم ہاؤس سے براہِ راست نشر کی گئی۔ بعدازاں کشمیری بھائیوں سے اظہار یک جہتی کے لئے تمام انتظامیہ اور ملازمین بینک کے صدر شیخ امان اللہ کے سربراہی میں بینک سے باہر جمع ہوئے اور کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضہ اور کشمیر کی آزادی کے لئے اپنے دلی جذبات کا اظہار کیا۔

صدر ZTBL اور تمام شرکاء نے کشمیر کی آزادی کے لئے دعا کی اور اس بات کا اعادہ کیا کہ وہ اپنے آخری سانس تک کشمیر کی مکمل آزادی تک اپنے کشمیری بھائیوں کا ساتھ دیں گے

(سعد ضیاء)

انچارج پبلک ریلیشنز اینڈ میڈیا سروسز